4310CH06

# سبق – 6

# ہمارے کھیل

پڑھائی کے ساتھ کھیل بھی ضروری ہے۔ کھیل سے صحت ٹھیک رہتی ہے اور تفریح بھی ہو جاتی ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ کھیل بھی بدلتے رہتے ہیں۔ شروع شروع میں اِنسان جنگلوں میں رہتا تھا۔ اُس کی گزر بسر جنگلی پھلوں پر اور جانوروں کے شکار پر تھی۔ اُس زمانے میں وہ تیر سے جانوروں کا شکار کرتا تھا۔ تیر اُس کا ہتھیار تھا اور تیر اندازی اُس کا کھیل بھی۔ جیسے جیسے انسان کی زِندگی میں تبدیلیاں آتی گئیں، کھیل بھی بدلتے گئے۔



ہمارے یہاں پہلے کُشتی، کبڈّی اور گِلّی ڈنڈا جیسے کھیلوں کا رواج بہت تھا۔ کُشتی کے مُقابلے ہوتے، ایک پہلوان دوسرے پہلوان کو پچھاڑنے کی کوشش کرتا۔ کبڈّی اور





گِلّی ڈنڈے میں دو ٹیموں کے درمیان مُقابلہ ہوتا۔ یہ کھیل ہمارے مُلک میں آج بھی کھیلے جاتے ہیں۔

دوُسرے مُلکوں سے ہمارے تعلّقات بڑھے تو وہاں کے بہت سے کھیل ہمارے یہاں بھی کھیلے جانے لگے۔

© NCERT not to be republished

اُن میں سے بعض بہت مقبول ہیں، جیسے ہاکی، فُٹ بال، والی بال اور کرکٹ وغیرہ۔ ہاکی میں تو لگ بھگ تیس سال تک کوئی مُلک ہم سے نہیں جیت سکا اور آج بھی ہماری ہاکی ٹیم، دُنیا کی مشہور ٹیموں میں سے ایک ہے۔ کرکٹ میں بھی ہم نے بہت نام پیدا کیا ہے۔ ہماری ٹیم نے 1983 میں کرکٹ کا عالمی کپ جیتا ہے۔

کھیلوں کی اہمیت اب اور بھی بڑھ گئی ہے، کیوں کہ اِن کے ذریعے دنیا کے دوسرے ملکوں کے ساتھ میل جول اور بھائی چارا پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## .1 لفظ اور معنی

صحت : تندرستی

تفریح : سَیر

گزر بسر : زِندگی گزارنا

تیراندازی : تیر چلانا

رواج : چلن

تعلُّقات : تعلُّق کی جمع، میل جول

مقبول : جسے سب پسند کریں

نام پیدا کرنا : شہرت حاصل کرنا

بھائی چارا : دوستی، میل جول

عالمی : دُنیا بھر کا، تمام دُنیا سے متعلق

© NCERT not to be republished

## 2. سوچیے، بتائیے اور لکھیے

(الف) پڑھائی کے ساتھ کھیل کیوں ضروری ہے؟

(ب) شروع میں انسان کہاں رہتا تھا؟

(ج) پہلے زمانے میں انسان کی گزر بسر کیسے ہوتی تھی؟

(د) شروع شروع میں انسان کو کس کھیل کا شوق تھا؟

(ہ) ہندوستان میں دوسرے ملکوں سے آنے والے کھیلوں کے نام لکھیے؟

(و) کھیلوں کی اہمیت اب پہلے سے زیادہ ہے، کیوں؟

## 3. جملوں کو صحیح لفظوں سے پورا کیجیے

(الف) شروع شروع میں ................ جنگلوں میں رہتا تھا۔ (حیوان/ انسان)

(ب) تیر اس کا ................ تھا اور تیر اندازی اس کا کھیل بھی۔ (ہتھیار/ ڈھال)

(ج) کبڈّی اور گلّی ڈنڈے میں ................ کے درمیان مُقابلہ ہوتا۔ (چار ٹیموں/ دو ٹیموں)

(د) ہماری ................ ٹیم، دُنیا کی مشہور ٹیموں میں سے ایک ہے۔ (ہاکی/ فٹ بال)

(ہ) ہماری ٹیم نے ................ میں کرکٹ کا عالمی کپ جیتا ہے۔ (1983/2001)

## 4. 'الف' اور 'ب' کالم کے صحیح حصّوں کو ملا کر جملے بنائیے اور انھیں نیچے خالی جگہوں میں لکھیے

| (الف) | (ب) |
| --- | --- |
| • کھیل سے صحت ٹھیک رہتی ہے | جیسے ہاکی، فٹ بال، والی بال اور کرکٹ وغیرہ۔ |
| • دوسرے مُلکوں سے ہمارے تعلّقات بڑھے | کھیل بھی بدلتے گئے۔ |
| • ان میں سے بعض کھیل بہت مقبول ہیں | اور تفریح بھی ہو جاتی ہے۔ |
| • جیسے جیسے اِنسان کی زندگی میں تبدیلیاں آتی گئیں | تو وہاں کے بہت سے کھیل ہمارے یہاں کھیلے جانے لگے۔ |

© NCERT not to be republished

- ..............................................................
- ..............................................................
- ..............................................................
- ..............................................................

## 5. اِن لفظوں سے جملے بنائیے

شوقین    شِکار    رواج    مقبول    کھیل    جیت

## 6. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

لفظ 'خیال' واحد ہے۔اس کے آخر میں 'ات' لگانے سے اس کی جمع ''خیالات'' بن جاتی ہے۔اسی طرح دیے ہوئے لفظوں کو بھی واحد سے جمع میں تبدیل کر کے لکھیے ۔

تفریح    تعلُّق    مقام    سوال    حال    جواب

## 7. دی ہوئی تصویروں پر دو دو جملے لکھیے



..............................................................

..............................................................

© NCERT not to be republished



..........................................................

..........................................................



..........................................................

..........................................................



..........................................................

..........................................................



..........................................................

..........................................................

© NCERT not to be republished

### 8. نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے ہر گروہ سے غیر متعلق لفظ کی پہچان کر کے خانوں میں لکھیے

(الف) اونٹ کبوتر شیر چیتا ہاتھی ☐

(ب) دیوالی ہولی عید کرسمس منگل ☐

(ج) امرود انگور بیگن سیب آم ☐

(د) مولی گاجر آلو لوکی اَنار ☐

(ہ) ہاتھی طوطا بُلبُل کوّا فاختہ ☐

(و) اتوار پیر منگل بدّھ مئی ☐

(ز) آنکھ کان ناک ذائقہ دانت ☐

(ح) ہاکی بَلّا فُٹ بال گِلّی پھوُل ☐

### 9. نیچے لکھے ہوئے جملوں میں الفاظ کی جگہ تصویریں دی گئی ہیں۔ ان تصویروں کو دیکھ کر جملے کو دوبارہ خالی جگہ میں لکھیے

(الف) تمہارا خرچ تو  دنی سے زیادہ ہے!

..........................................................................

© NCERT not to be republished

(ب) اس  ب سے ذرا آگے ایک  ہے!

..................................................

(ج) میز   رکھا ہے!

..................................................

(د) اسکول جانے سے پہلے مجھے  ے یاد کرنے ہیں!

..................................................

(ہ) ہم نے بے  ہی زحمت کی!

..................................................

10. سبق میں جِن کھیلوں کا ذِکر ہوا ہے اُن کے نام لکھیے

..................................................

..................................................

© NCERT not to be republished

## 11. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شوقین | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| تیراندازی | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| رواج | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| کُشتی | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| مقبول | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| عالمی | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| پچھاڑنا | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |

© NCERT not to be republished